ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((22

10-01-2022

# بہاول پور() پولیس کی مختلف مقامات پر کارروائیاں، منشیات فروش، قمار باز اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا، مقدمات درج۔ معاشرتی امن کو برقرار رکھنے کے لیے ایسے کارروائیاں جاری رکھی جائیں، ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی پالیسی **"جرائم سے پاک معاشرہ"** کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، پولیس نے مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے منشیات فروشوں، قمار بازوں اور غیر قانونی اسلحہ کے متعدد ملزمان کو گرفتار کرلیا، شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے پولیس تھانہ سمہ سٹہ، دھوڑ کوٹ، نوشہرہ جدید اور ہیڈ راجکاں نے ملزمان صدیق، مختار، صادق اور مقبول کو گرفتار کرلیا۔ جن کے قبضہ سے 200 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے پولیس تھانہ صدر بہاول پور، سٹی احمد پور، بغداد اور خیر پور نے ملزمان عرفان، ندیم، دلشاد اور شوکت کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضہ سے 3490 گرام چرس اور 50 گرام آئس برآمد کرلی۔ تھانہ عنایتی اور سٹی حاصل پور پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کمبیر خاں ، غلام شبیر، ریاض، عثمان، عثمان علی، علی حسن، نعمان اور عباس کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم 1760 روپے، او رجوائے کا سامان برآمد کرلیا۔ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے پولیس تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، اوچ شریف ، ڈیرہ نواب اور عنایتی نے ملزمان عرفان، عقیل، سجاد، منظور اور ظہور سے 04 عدد پسٹل 30 بور اور ریپیٹر 12 بور برآمد کرلی۔ متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، دستیاب وسائل کو بروئے لاتے ہوئے زیادہ سے زیادہ موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے، ان خیالات کا اظہار ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ضلع کے ایس ایچ اوز کو جاری ہدایات کے دوران کیا۔

جام محمد ساجد
ترجمان پولیس

بہاول پور: پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، منشیات، اسلحہ ناجائز برآمد، مقدمات درج۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((23

10-01-2022

**بہاولپور() ڈی پی او محمد فیصل کامران کا روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری منعقد کرنے کا سلسلہ جاری، 31 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو آن کال لیکر شہریوں کے سامنے درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے، ڈی پی او**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری، 31 شہریوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں آخری شہری تک سب کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو آن کال لیتے ہوئے کارروائی اور درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم میں واپسی رپورٹ بھجوانے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تاکہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کال افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیا جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے، عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے

۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی جانب سے اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا سلسلہ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((24

10-01-2022

**بہاول پور() گزشتہ ماہ دسمبر 2021 میں متعدد ملزمان گرفتار کر کے 13 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کیا،شہریوں کے پولیس سے تعاون/ اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی ہوسکتی ہے،شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں،پولیس ہر صورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی،ڈی پی او محمد فیصل کامران۔**

تفصیلات کے مطابق بہاول پور پولیس نے دسمبر سال 2021ء کے مہینہ میں 1683 مقدمات درج رجسٹر کیے،جن میں سے 32 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج ہو چکے ہیں۔گینگز کے خلاف کارروائیاں میں 03 گینگ ٹریس،ان میں ملوث 11 ملزمان گرفتار ہوئے،جن سے 19 مقدمات ٹریس آوٹ اور اسلحہ ناجائز برآمد کرنے کے علاوہ 13 لاکھ روپے مالیت سے زائد کا مال مسروقہ برآمد ہوا۔ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 101 مقدمات درج اور 1 0 1 ملزمان کو گرفتار کر کے اُن کے قبضہ سے 04 رائفل،04 رپیٹر،91 پسٹل/ ریوالور، 01 کاربین، 01 کلاشنکوف اور 340 روند برآمد۔ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ماہ دسمبر کی کارگزاری کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا پولیس سے تعاون/ اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی ہوسکتی ہے،شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں پولیس ہر صورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس